Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

حقیقی آزادی تحریک انصاف کی نڈر اسیر صنم جاوید کی گرفتاری بعد از رہائی کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے عدالتی حکم پر رہائی کے فوراً بعد صنم جاوید کی پھر سے گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت

عدالتِ عظمیٰ کی جانب سے بزدل مینڈیٹ چور سرکار کے بدترین انتقامی اور ماورائے قانون اقدام کے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

پاکستان ننگی لاقانونیت کے نرغے میں ہے اور مقتدر مجرم ماں، بہن اور بیٹی کے تقدس کو کھلے عام پامال کر رہے ہیں، کلمہ طیبہ کی بنیاد پر وجود پذیر ہونے والی ریاست میں سرکاری کارندے ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کے سروں سے آنچل نوچ رہے اور انہیں بدسلوکی اور ظلم کا نشانہ بنا رہے ہیں،

پورا نظامِ عدل ان بے گناہ ماؤں بہنوں بیٹیوں کو انصاف دینے اور انہیں ریاستی وحشیوں کے شر سے بچانے میں ناکام ہے، خواتین سیاسی کارکنان خصوصاً صنم جاوید کی درجنوں مرتبہ بعد از رہائی گرفتاری ہمارے نظامِ انصاف کے چہرے پر دستور شکنوں کا طمانچہ ہے، ترجمان تحریک انصاف

وقت آگیا ہے کہ سپریم کورٹ ملک بھر میں ہزاروں بے گناہ سیاسی قیدیوں خصوصاً خواتین اسیران کے معاملے کو یکجا کر کے از خود نوٹس لے، ترجمان تحریک انصاف

سپریم کورٹ ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کو وحشی، اوباش اور درندہ صفت ریاستی ہرکاروں اور ان کے ذہنی مریض آقاؤں کے ظلم سے بچا کر ان کے بنیادی آئینی حقوق کی ضامن بنے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ